عدالت عالیہ لاہور

اشتہار برائے نیلامی

بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ عدالت عالیہ لاہور میں مختلف قسم کی پرانی اشیاء: جہاں ہیں اور جیسے ہیں'' کی بنیاد پر نیلام عام مورخہ 14 جون 2025ء بروز ہفتہ بوقت 10:00 بجے صبح انتظار گاہ برائے مرد حضرات نزد پولیس خدمت مرکز احاطہ ہائیکورٹ میں ہوگا خواہشمند حضرات بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔

شرائط نیلامی حسب ذیل ہوں گی۔

1۔ نیلامی سب سے زیادہ بولی پر ختم ہوگی۔

2۔ اشیاء کی قیمت کا تخمینہ -/Rs.9,11,118 (نو لاکھ گیارہ ہزار ایک سو اٹھارہ روپے) مقرر کیا گیا ہے۔

3۔ ہر بولی دہندہ کے لئے لازمی ہوگا کہ وہ بولی کی مقرر کردہ تاریخ سے ایک یوم قبل تک یعنی مورخہ 13 جون 2025ء بروز جمعہ دفتری اوقات تک مبلغ -/50,000 (پچاس ہزار روپے) کا پے آرڈر/ ڈیمانڈ ڈرافٹ بنام "Treasury Officer" لاہور ہائی کورٹ لاہور اکاؤنٹ نمبر "PK37MUCB1468521631004674" بطور زرِضمانت جمع کروائے گا اور اس کی رسید ٹریژری آفس سے حاصل کرے گا۔ جبکہ بغیر ٹریژری آفس رسید اور اصل قومی شناختی کارڈ کوئی امیدوار نیلامی میں شرکت نہیں کر سکے گا۔ یہ کہ زرضمانت بعد از نیلامی تمام ناکام بولی دہندگان علاوہ نمبر دوم و سوم بولی دہندگان قابل واپسی ہوگا۔

4۔ سامان زیر نیلام دفتری اوقات میں نیلامی کی تاریخ سے ایک دن قبل تک ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

5۔ نیلامی والے دن کسی کو نیلامی کا سامان نہیں دکھایا جائے گا۔

6۔ جس شخص کے نام بولی ختم ہوگی اُسے کل رقم کا 1/3 حصہ اسی دن ادا کرنا ہوگا جبکہ بقایا 2/3 بمعہ گورنمنٹ کا مقرر شدہ ٹیکس اندر دو یوم جمع کروانا ہوگا بصورت دیگر زرضمانت بمعہ جمع شدہ 1/3 رقم بحق سرکار ضبط ہوگی۔

7۔ تمام نیلام شدہ سامان بعد از نیلامی دس دن کے اندر اٹھانا ہوگا بصورت دیگر تخمینہ رقم کے مطابق 2% یومیہ جرمانہ ہوگا۔

8۔ آفیسر مجاز بغیر وجہ بتائے بولی مسترد کرنے کا مجاز ہوگا۔

محمد یعقوب بھٹی اسسٹنٹ رجسٹرار سٹورز

دفتری رابطہ نمبر: 042-99212951 ایکسٹینشن: 270

MUHAMMAD YAQUB
Assistant Registrar (Stores)
Lahore High Court, Lahore